توضیحات الانشاء

شرح اردو

معلّم الانشاء

حصہ سوم

طویل تدریسی تجربات کا نچوڑ فنّی قواعد کا اہتمام
احادیث کی تخریج مختلف موضوعات پر پُرمغز مقالات

مترجم وشارح

(مولانا) محمد علی فاروقی

فیصل پبلیکیشنز

توضیحات الانشاء

شرح اردو

معلم الانشاء

حصہ سوم

طویل تدریسی تجربات کا نچوڑ، فنی قواعد کا اہتمام
احادیث کی تخریج، مختلف موضوعات پر پُرمغز مقالات

ناشر
فیصل پبلیکیشنز دیوبند

©**اس** کتاب کے جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔ بغیر اجازت اس کتاب کا کوئی بھی جز شائع نہیں کیا جا سکتا ہے۔ خلاف ورزی کرنے پر قانونی کاروائی کی جائیگی۔ (ناشر)

نام کتاب	توضیحات الانشاء
شرح اردو	معلم الانشاء
حصہ	سوم
مترجم و شارح	محمد علی فاروق
صفحات	١٦٨
سن اشاعت	
باہتمام	محمد صہیب صدیقی
قیمت	....
کمپیوٹر ورک؛	
ٹائٹل ڈیزائن	فیصل کمپیوٹرس دیوبند
مطبع،	فیصل پریس دیوبند
ناشر	**فیصل پبلیکیشنز** **جامع مسجد دیوبند**
فون	01336-224110,9359210398
فیکس	01336-224110

Printed & Distributed by

FB FAISAL BROTHERS

468, Gali Bahar Wali Chhatta Lal Mian
Daryaganj New Delhi.110002 Ph. 23245665
e-mail : faisal_india@rediffmail.com
website : www.faisalindia.com

فہرست حصہ سوئم

عنوانات	صفحہ نمبر	عنوانات	صفحہ نمبر
سبق (۱) تفصیل و تجزیہ	۱	التمرین (۹)	۴۰
سبق (۲) پسندیدہ اخلاق	۴	سبق (۱۶) خطوط نویسی کے	۴۲
سبق (۳) موضوعات کی تعیین	۵	التمرین (۱۰)	۴۴
سبق (۴) موضوعات کی تفصیل	۶	التمرین (۱۱)	۴۵
سبق (۵) مقالات	۷	التمرین (۱۲)	۴۶
سبق (۶۔۷) ایک صنعتی ایجاد کے	۸	التمرین (۱۳)	۵۲
التمرین (۱)	۱۰	التمرین (۱۴)	۵۴
سبق (۸) ایک جانور کے موضوع پر	۱۱	التمرین (۱۵)	۵۵
التمرین (۲)	۱۴	التمرین (۱۶)	۵۶
سبق (۹) اجتماعی زندگی میں انسانی	۱۶	التمرین (۱۷)	۵۸
التمرین (۳)	۱۸	التمرین (۱۸)	۶۰
سبق (۱۰) ایک حادثہ یا واقعہ کا بیان	۲۰	التمرین (۱۹)	۶۱
التمرین (۴)	۲۲	التمرین (۲۰)	۶۳
سبق (۱۱) ایک تقریب یا تفریح	۲۳	التمرین (۲۱)	۶۴
التمرین (۵)	۲۵	التمرین (۲۲)	۶۵
سبق (۱۲) نصیحت آموز کہانیاں	۲۷	التمرین (۲۳)	۶۷
التمرین (۶)	۲۹	التمرین (۲۴)	۶۸
سبق (۱۳) ایک نئی دریافت	۳۰	التمرین (۲۵)	۶۹
التمرین (۷)	۳۲	التمرین (۲۶)	۷۱
سبق (۱۴) ایک تاریخی عمارت	۳۴	التمرین (۲۷)	۷۲
التمرین (۸)	۳۶	التمرین (۲۸)	۷۳
سبق (۱۵) ایک اعلیٰ انسانی	۳۸	التمرین (۲۹)	۷۴

عنوانات	صفحہ نمبر	عنوانات	صفحہ نمبر
التمرین (۳۰)	۷۵	التمرین (۵۳)	۱۰۱
التمرین (۳۱)	۷۶	التمرین (۵۴)	۱۰۲
التمرین (۳۲)	۷۷	التمرین (۵۵)	۱۰۳
التمرین (۳۳)	۷۹	التمرین (۵۶)	۱۰۴
التمرین (۳۴)	۸۰	التمرین (۵۷)	۱۰۵
التمرین (۳۵)	۸۱	التمرین (۵۸)	۱۰۶
التمرین (۳۶)	۸۲	التمرین (۵۹)	۱۰۷
التمرین (۳۷)	۸۳	التمرین (۶۰)	۱۰۸
التمرین (۳۸)	۸۵	تاریخی شخصیات میں سے	۱۱۰
التمرین (۳۹)	۸۶	التمرین (۶۱)	۱۱۲
التمرین (۴۰)	۸۷	سبق (۲۰) ایک اجتماعی ادارہ	۱۱۵
التمرین (۴۱)	۸۸	التمرین (۶۲)	۱۱۶
التمرین (۴۲)	۸۹	التمرین (۶۳)	۱۱۸
التمرین (۴۳)	۹۰	التمرین (۶۴)	۱۱۹
التمرین (۴۴)	۹۱	سبق (۲۱) کسی کام کے بیان میں	۱۲۱
التمرین (۴۵)	۹۲	التمرین (۶۵)	۱۲۳
التمرین (۴۶)	۹۳	التمرین (۶۶)	۱۲۵
التمرین (۴۷)	۹۵	التمرین (۶۷)	۱۲۶
التمرین (۴۸)	۹۶	التمرین (۶۸)	۱۲۸
التمرین (۴۹)	۹۷	التمرین (۶۹)	۱۲۹
التمرین (۵۰)	۹۸	التمرین (۷۰)	۱۳۰
التمرین (۵۱)	۹۹	التمرین (۷۱)	۱۳۱
التمرین (۵۲)	۱۰۰	التمرین (۷۲)	۱۳۲

عنوانات — صفحہ نمبر

التمرین سبق (۲۲) مغرب میں لوگ اسلام۔۔ ۱۳۳
التمرین (۷۳) ۱۳۴
التمرین (۷۴) ۱۳۵
سبق (۲۳) یادداشتوں یا روزنامچوں ۱۳۷
التمرین (۷۵) ۱۳۹
التمرین (۷۶) ۱۴۱
التمرین (۷۷) ۱۴۳
التمرین (۷۸) ۱۴۴
التمرین (۷۹) ۱۴۶
التمرین (۸۰) ۱۴۸
التمرین (۸۱) ۱۴۹
التمرین (۸۲) ۱۵۰
التمرین (۸۳) ۱۵۱
التمرین (۸۴) ۱۵۲
التمرین (۸۵) ۱۵۳
التمرین (۸۶) ۱۵۵
التمرین (۸۷) ۱۵۶
التمرین (۸۸) ۱۵۷
التمرین (۸۹) ۱۵۹
التمرین (۹۰) ۱۶۰

سبق نمبر ۱

تفصیل و تجزیہ

(۱) میری گھڑی بیش قیمت (اور مہنگی) ہے۔

(۲) میری گھڑی بیش قیمت اور کمیاب ہونے کے سبب ہر دوکان سے نہیں ملتی۔ میں نے اس کی خریداری پر تین سو روپے صرف کئے، اور وہ دنیا میں (گھڑی سازی کے) کارخانوں میں سے ایک بڑے کارخانہ میں تیار ہوئی ہے۔

میرا مدرسہ حسین ہے

(۱) میرا مدرسہ صورت میں حسین اور تعمیر میں نفیس (وعمدہ) ہے

(۲) میرا مدرسہ حسین ہے، نگاہوں کو لطف اندوز کرتا ہے اور اپنی نفاست (وعمدگی) اور حسن صورت کے سبب زائر کو محو حیرت بنا دیتا ہے۔

(۳) میرا مدرسہ حسین ہے، جب بھی کوئی زائر اس میں آتا ہے اس کے بیرونی منظر اور عمارت کے حسن و جمال کو دیکھ کر حیرت زدہ رہ جاتا ہے۔ اس لئے کہ یہ ایک شاندار عمارت اور حسین صورت کا مجموعہ ہے جہاں ہر طالب علم کی آرزو ہوتی ہے کہ وہ اس مدرسہ میں داخلہ لے تاکہ اس کے لئے دو لذتیں جمع ہوں۔ علم کی لذت اور روح پرور منظر کا لطف۔

(۴) میرے مدرسہ کے بانی ذوق سلیم اور دور رس نگاہوں کے مالک تھے۔ ان حضرت کا منشا معمولی سی بلڈنگ یا سادہ سی عمارت (بنانا) نہ تھا جو نہ طبیعت کے لئے مسرت بخش ہو، نہ دل کے لئے فرحت بخش اور نہ ہی ذوق کے لئے راحت بخش۔ جیسے (بے جوڑ سی) دیواریں اور چھتیں ہوں جو اضطرار و مجبوری کے تحت کھڑی کر دی گئی ہوں، لہذا انہوں نے مدرسہ کی عمارت کے لئے ایسے ماہر انجینئر طلب کیے جو عمارتوں کے خوب صورت نقشے عمدہ طریقہ سے تیار کر سکتے تھے۔ ایسے نقشے جو ضرورت پوری کر دیں اور احاطہ مدرسہ میں تعلیمی نشاط (وسرگرمیاں) آسان کر دیں، اور انسان کے ذوق کو راس آئیں، نیز (اپنے

اندر) دینی امور اور عملی معاملات سے متعلق فرائض کی انجام دہی کی گنجائش رکھتے ہوں، بانیان مدرسہ نے اس مسحور کن جمال اور حیرت آفرین حسن کے حصول کی خاطر بڑی مقدار میں مال خرچ کیا۔ ایسا حسن و جمال جو سیاحوں کے دلوں میں فرحت و سرور پیدا کر دے اور زائر اس کا مشاہدہ کر کے رشک کرنے لگے وہ جہاں کہیں جائے اس کی یادگار ساتھ لے جائے، اور اس کے سرپرستوں اور بانیوں کو خراج تحسین پیش کرے۔

(۱) ڈاکیہ کا کام

وہ پاپیادہ اپنا کام انجام دیتا ہے اور کبھی دور کی مسافت ہو تو سائیکل پر سوار ہوتا ہے۔

ڈاکیے دو قسم کے ہوتے ہیں، ایک گروہ وہ ہے جو ڈاک خانہ سے خطوط وصول کر کے انہیں ترتیب (وسلیقہ) سے اپنے بیگ میں رکھ لیتا ہے پھر وہ روڈوں، راستوں، گھروں، دوکانوں اور قہوہ خانوں پر گھوم پھر کر ہر شخص کو اس کا خط سپرد کرتا ہے۔ اور دوسرا گروہ وہ ہے جو دیواروں پر لٹکے ہوئے لیٹر بکسوں کا چکر لگا کر، ان کے خطوط اپنے بیگ میں جمع کر لیتا ہے، پھر ڈاک خانہ کی طرف لوٹ آتا ہے جہاں خطوط پر مہریں لگتی ہیں پھر ریل گاڑی ان خطوط کو مختلف شہروں اور صوبوں کی طرف لے جاتی ہے۔ ڈاکیہ ایک بڑا مفید کام انجام دیتا ہے اور ہماری خاطر ایک عظیم خدمت پیش کرتا ہے ہم اس کے سامنے اپنے سربستہ راز اور اموال رکھ دیتے ہیں جنہیں وہ بے کم وکاست پورے طور پر ہمارے اہل وعیال اور دوست احباب تک پہنچا دیتا ہے اور ہمیں مصیبت ومشقت سے چھٹکارا دلاتا ہے۔

(۲) پھول دعوتوں اور محفلوں کی زینت ہیں

پھول دعوتوں اور محفلوں کی رونق وآرائش کو دوبالا کر دیتے ہیں، جس جگہ پھولوں کا گل دستہ رکھا جائے اسے پھول حسن وجمال بخشتے ہیں، جن سے حاضرین اپنی آنکھیں محظوظ کرتے اور ان کی خوشبوئیں سونگھ کر سکون پاتے ہیں، اور اس سے ان کی مسرت (وشادمانی) اتنی بڑھ جاتی ہے کہ ان کی روحیں جھوم اٹھتی ہیں۔ وہ بیٹھنے میں راحت محسوس کرتے ہیں اور

بو رنہیں ہوتے۔ وہ (بیک وقت) سونگھنے اور دیکھنے کی دونوں لذتوں سے نفع اندوز ہوتے ہیں۔ پھول محفلوں کی زینت اور حاضرین کے لئے پاکیزہ مہکتی خوشبوؤں کا سامان اور حسن ذوق کا نشان ہیں۔ رسول اللہ ﷺ خوشبو کو بہت محبوب رکھتے تھے۔

(۳) ریل گاڑی ریلوے لائن پر چلتی ہے

ریل گاڑی ایسی پٹڑیوں پر چلتی ہے جو گویا ایسے تاگے ہیں جنہیں سطح زمین پر لمبائی میں دور تک بچھا دیا گیا ہے، ان پٹڑیوں نے شہروں کو اپنے نیچے ایسے (قابو) کیا ہوا ہے جیسے وہ جال میں پڑے ہوں۔ ریل اپنے پہیے گھومنے کے ساتھ ان پٹڑیوں پر بڑی تیز رفتاری سے چلتی ہے، پہیے لمحہ بھر کے لئے انہیں چھوڑتے نہیں، نہ ہی ان سے الگ ہوتے ہیں۔

(۴) بارشوں سے زمین کی زندگی ہے

جب گرمی شدت اختیار کر جاتی ہے اور سورج کی تمازت بہت بڑھ جاتی ہے اور زمین کی پشت پر موجود ہر چیز خشک ہو جاتی ہے یا خشک ہونے کو آتی ہے تو زمین بے تابی سے بارش کا انتظار کرنے لگتی ہے، تب بارش اترتی ہے جو ہر مخلوق کے لئے اور ان تمام چیزوں کے لئے جن میں اُگنے کی صلاحیت ہو (پیغام) حیات ثابت ہوتی ہے، اور اس کے ذریعے زمین کو سرسبز و شاداب زندگی نصیب ہوتی ہے۔

(۵) حج بیت اللہ

حج مختلف ملکوں اور وطنوں کے مسلمانوں کو یکجا کرتا ہے اور حج میں ایک عظیم فائدہ اور بھی ہے جو کسی دوسرے طریقے سے حاصل نہیں ہو سکتا وہ یہ کہ اس کے طفیل مختلف اقوام اور متفرق اقسام کے ہزاروں مسلمان فریضہ حج کی ادائیگی کے لئے اللہ تعالیٰ کے مقدس گھر کے اردگرد بڑی تعداد میں جمع ہوتے ہیں جنہیں جمع کرنے اور باہم جوڑنے والی چیز کلمہ اسلام کے سوا کچھ نہیں، اور نہ ہی اس کلمہ (سے دوری) کے سوا اور کوئی چیز ان کی تفریق کا

سبب بن سکتی ہے۔ اور یہ اللہ عزوجل کے اس ارشاد کی تصدیق ہے: "اور لوگوں میں حج کے لئے ندا کردو کہ تمہاری طرف پیدل اور دبلے دبلے اونٹوں پر جو دور (دراز) راستوں سے چلے آتے ہوں (سوار ہوکر) چلے آئیں ے۔"

سبق نمبر ۲

"تجزیہ۔ اور اجزاء کا اعتدال"

پسندیدہ اخلاق صاحب اخلاق کو لوگوں کی نگاہ میں پسندیدہ بنا دیتے ہیں

(۱) جب آپ کسی کے سامنے مسکرا دیں گے اور نرمی اور خوش خلقی سے گفتگو کریں گے اور عزت واحترام سے ہمکلام ہوں گے۔

(۲) جب آپ ناتواں لوگوں کی رعایت کریں گے اور نادار اور مفلوک الحال لوگوں کی خبر گیری کریں گے۔

(۳) جب آپ کسی ستم رسیدہ انسان کی دادرسی یا کسی بھوکے کو کھانا کھلانے یا کسی مظلوم کی امداد کے لئے اپنا مال خرچ کریں گے۔

(۴) جب تک آپ عوام کی خدمت میں مشغول رہیں گے، چھوٹوں پر شفقت، بڑوں کا احترام اور کمزور بوڑھوں کی خدمت کرتے رہیں گے۔

(۵) جب آپ کا چال چلن درست رہے گا، آپ اسلامی (اخلاق و) آداب پر کاربند رہیں گے، اور اسوۂ نبویہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام پر چلتے رہیں گے:

(۱) تو آپ کے اخلاق آپ کو لوگوں میں محبوب بنا دیں گے اور آپ کی قدر (ومنزلت) ان کے دلوں میں بڑھ جائے گی۔

(۲) اور آپ (بہت سے نئے) مشفق دوست بنالیں گے اور لوگوں کے دلوں میں آپ کی محبت جاگزیں ہوگی۔

ے ۲۲۔۲۷

(۳) اور آپ چھوٹوں کی نظر میں معزز و محترم اور باوقعت ٹھہریں گے اور ہم عمروں کی نظر میں محبوب و معزز اور بڑوں کی نظر میں مقرب و عزیز ٹھہریں گے۔

(۴) اور پسندیدہ ترین لوگوں میں آپ کا شمار ہوگا، نیز (یہ عمل) معطر (اور مہکتی) تعریف اور (اپنے پیچھے چھوڑ جانے کے لئے) حسین یادیں آپ کو عطا کرے گا۔

(۵) اور آپ آخرت کا اجر وثواب اور دنیا کی حمد وستائش کما لیں گے۔

سبق نمبر ۳

موضاعات کی تعیین

(۱) بجلی اس ٹرام کو چلاتی ہے جو شہر میں ایسے پھیلی ہوئی ہے جیسے رگیں جسم میں، وہ شہر کے اطراف کو باہم ملاتی اور اس کے اجزاء کو ایک دوسرے سے قریب کرتی اور شہر کو نواحی علاقوں سے ملاتی ہے جن تک ٹرام نہ ہونے کی صورت میں مشقت وزحمت جھیلے بغیر ہم نہ پہنچ سکتے تو (ٹرام کی بدولت) ہمارے کام آسان ہو جاتے ہیں۔ اس لئے کہ ہم بہت جلد اپنے مقاصد تک پہنچ جاتے ہیں اور تجارت کی ترقی ہوتی ہے۔ اس لئے کہ ٹرام کی بدولت فاصلے (سمٹ کر) مختصر ہو جاتے ہیں اور اس کے ذریعے وقت کی بچت ہوتی ہے۔ اور بجلی کپڑا بننے والی مشینوں کو چلاتی ہے اور ایسی مشینوں کو بھی جو بجلی کی دریافت سے پہلے قوی ہیکل لوگوں کے ہاتھوں ہی چل سکتی تھیں۔ انسانی ہاتھ کتنے ہی قوی (اور مضبوط) ہوں (تاہم مشینوں کے مقابلہ میں) کمزور اور سست رو ہی ہیں۔ اور (مزید براں) بجلی ہمیں اندھیرے میں روشنی بہم پہنچاتی ہے۔ وہ اندھیرے کو اس طرح منتشر کر دیتی ہے گویا رات دن میں بدل گئی ہے یا گویا رات کے ایک حصے میں آفتاب طلوع ہوگیا، وہ ہمیں ایسا (مبصر و بینا) بنا دیتی ہے کہ ہم ہر چھپی اور ظاہر چیز کو ایسے دیکھنے لگتے ہیں جیسے آفتاب روشن ہونے کے وقت میں دیکھتے ہیں۔

(۲) ریل گاڑی سامانوں کو منتقل کرتی ہے، خواہ وہ ہلکے پھلکے ہوں یا بھاری بھر کم

اور ریل کے ذریعے ہم کتب، اخبارات، مٹھائیوں، اشیاء خوردنی اور موقع بموقع کام آنے والی اشیاء کے پارسل روانہ کرتے ہیں، اس لئے کہ ہم ان اموال اور سامانوں کے لانے پہنچانے کے لئے ہمہ وقت سفر کرنے کی قدرت نہیں رکھتے، اور ریل کے ذریعے ہم اپنی ضرورت کی اشیاء، بھاری بھرکم سامان، آلات (واوزاز) مشینیں، عمارتی اور صنعتی سامان منگواتے ہیں اور زراعتی پیداوار اور خام اشیاء وغیرہ جنہیں ریل کے بغیر منتقل کرنا ممکن نہیں ان کی برآمد اور درآمد بھی ہم ریل کے ذریعے کرتے ہیں۔

(۳) موٹر کے فوائد بہت ہیں جن میں ایک فائدہ یہ ہے کہ وہ از حد تیز رفتار ہے چند منٹ میں میلوں کی مسافت طے کر لیتی ہے، اور اس کا سوار ذرا سے وقت میں دور دراز پہنچ جاتا ہے اور دن رات اس کی تیز رفتاری میں اضافہ ہو رہا ہے۔ وہ (ذات) پاک ہے جس نے اس کو ہمارے زیر فرمان کر دیا اور ہم میں طاقت نہ تھی کہ اس کو بس میں کر لیتے۔

(۴) ہمارا مدرسہ ''دار العلوم ندوۃ العلماء'' ایک بڑی عالی مسجد پر مشتمل ہے جس کا حسن و جمال لوگوں کے دل موہ لیتا اور عقل کو گرویدہ بنا لیتا ہے۔ اسے عام پتھر اور سنگ مرمر سے تعمیر کیا گیا ہے وہ ایک وسیع (وعریض) اور حسین مسجد ہے جس میں دو وضو خانے اور دو بلند و بالا مینار ہیں جو دو سیدھے نیزوں کی مانند اور (اپنی بلندی میں گویا) آسمان کو چھو رہے ہیں۔

سبق نمبر ۴

موضوعات کی تفصیل

(۱) ڈاکیہ کا کام (اس کی کیفیت) (۲) ڈاکیہ کا کام (اس کے فوائد) (۳) بچوں کی عید (ان کی کیفیت) (۴) بارش برسنے کے بعد زمین کی حالت (اس کی کیفیت) (۵) ریل گاڑی کا سفر (اس کے فوائد) (۶) عقل (اس کے فوائد) (۷) تفریح (اس کی کیفیت) (۸) تفریح (اس کے فوائد)۔

دوسرا باب

سبق نمبر ۵

مقالات

قلم

قلم اللہ تعالیٰ کی وہ نعمت ہے جو اس نے حیوان کے بجائے انسان کو عطا کی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے بہت سے لوگوں کو پستی کے مقام سے بلندی کے مقام تک پہنچا دیتے ہیں۔ اور بہت سے لوگوں کو (پستیوں میں) گرا دیتے ہیں چنانچہ وہ جاھل اور لوگوں کے دست نگر بن کر جیتے ہیں جن کی زندگی میں نہ کوئی (قدر و) قیمت ہوتی ہے نہ (عظمت و) وقار۔ اور عزت (و آبرو) اور نہ ہی کوئی انسان اس کا پاس ولحاظ کرتا ہے. اور اللہ تعالیٰ نے قلم کی قسم اٹھائی ہے، چنانچہ ارشاد فرمایا۔

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ ہ (ن قلم کی اور جو (اہل قلم) لکھتے ہیں اس کی قسم) اور اپنے کلام مجید میں (متعدد جگہ) اس کا ذکر فرمایا ہے بکثرت تیار ہونے کے سبب قلم بہت ارزاں ہے اس کی قیمت قلیل سی ہے مگر کام بہت بڑا۔ بے قیمت اور چھوٹی سی لکڑی یا لوہے کے ایک کم قیمت چھوٹے سے ٹکڑے سے ہی اسے تیار کیا جاتا ہے مگر یہ بڑے بڑے کام انجام دیتا ہے اور انسان کے بہت سے مقاصد پورے کرتا ہے۔ یہ انسان کے ہاتھ میں آتا ہے تو وہ اسے استعمال کرتا ہے اور اپنی ضروریات میں اس سے کام لیتا ہے۔ تو قلم اسے وہ کام دیتا ہے جو تیز دھار دار ہتھیار ایک جنگجو بہادر انسان کے ہاتھ میں پہنچ کر دیتا ہے (اسکے ذریعے وہ فتنہ و) فساد کا قلع قمع کرتا اور نفاق اور فسق (و فجور) پر وار کرتا ہے، نیز باطل کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے حکم سے مٹاتا اور اس کی بیخ کنی کرتا ہے اور (یہی قلم) دوسرے انسان کے ہاتھ میں آتا ہے تو وہ اس کی بدولت سرداری کے درجے اور عزت کے مرتبے پر پہنچ کر کبھی کسی قوم یا قبیلے پر حکومت کرتا ہے اور کبھی قاضی ومنصف بن کر عدل وانصاف کے ساتھ

فیصلے کرتا اور حکم نافذ کرتا ہے، حق کا احقاق، باطل کا ابطال اور لوگوں کی مشکلات حل کرتا ہے اور قلم کے سبب لوگ حقیر نامعلوم گمنام اور عظیم معروف (ومشہور) نامور اور معزز ومکرم، حقیر و ذلیل (غرض مختلف طبقوں) میں بٹ جاتے ہیں۔ قلم ہی کے ذریعے لوگوں کے کام انجام پاتے ہیں، اور اسی کے ذریعے ملکوں کا نظام حکومت چلتا ہے اور اس کے ذریعے انسان حیوان سے ممتاز ہوتا اور نت نئی ایجادات کرتا ہے حکمت و دانائی کی باتیں کرتا اور علوم و معارف میں پیش قدمی کرتا ہے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ نے قلم کو ایک ایسی عظیم نعمت بنایا ہے، جس کی برابری دنیا بھر کی نعمتوں میں سے بہت کم کوئی نعمت کرسکتی ہے۔ لہذا ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم اس کو خیر (وبھلائی کے کاموں) میں اور اللہ سبحانہ کی رضا وخوشنودی کے لئے استعمال کریں۔

اس لئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بے بہا عطیوں میں سے (ایک عطیہ) اور عظیم نعمتوں میں سے (ایک نعمت) ہے۔

سبق نمبر ۷

ایک صنعتی ایجاد کے موضوع پر

"موٹر" مثال نمبر ۱

آپ دن رات حیرت انگیز تیز رفتاری کے ساتھ موٹر کو آتے جاتے دیکھتے ہیں، گویا وہ ایک قوی ہیکل جن ہے، حسین صورت، گویا وہ ایک نفیس (اور عمدہ) کمرہ ہے وہ (لگاتار) نقل وحرکت میں رہتی ہے، لوگ اس پر سوار ہوتے ہیں اور جلد ہی اپنے مقاصد تک پہنچ جاتے ہیں۔ موٹر کی ایجاد سے پہلے سفر بہت مشکل اور تکلیف دہ تھا، لوگ پیدل سفر کرتے تھے، یا راحت کے طلبگار اور آسائش کے خواہش مند ہوتے تو جانور یا جانور سے جڑی ہوئی سواری لے لیتے جسے جانور کھینچتا۔ اپنے سفروں میں اس کی سواری کرتے لیکن یہ سواری ان کو سخت تکلیف اور بہت اکتاہٹ میں ڈالتی۔ ان کو اٹھانے والی سواریاں اور وہ جانور جن کی پشت پر یہ سوار ہوتے، ان کے لئے آرام دہ نہ تھے اس لئے کہ یہ خود ان سے بھی

سست رفتار تھے مگر گھوڑے کو مستثنیٰ کر کے، اس لئے کہ وہ تمام جانوروں میں سب سے تیز رفتار اور دوڑ میں سب سے آگے نکلنے والا جانور ہے، لیکن آپ بہت کم لوگوں کو پائیں گے جو گھوڑا پالنے کی استطاعت رکھتے ہوں۔ اس لئے کہ وہ جنگ اور دوسرے بہت سے مواقع میں اہمیت رکھنے کے سبب بہت مہنگا اور خاصا قیمتی جانور ہے اس لئے لوگوں کو ایسی تیز ترین سواری کی احتیاج تھی جو انہیں تھوڑے سے تھوڑے وقت میں اور قلیل سے قلیل عرصہ میں ان کے مقاصد تک پہنچا دے چنانچہ ان کو زمین میں بہتے پیٹرول کی دریافت ہوئی، اس کو کھودا اور اس کے کچھ اسرار (ورموز) دریافت کئے۔ ایک شخص نے اس ایندھن کے ذریعے چلنے والی گاڑی ایجاد کی تو (اس طرح) موٹر وجود میں آ گئی۔

موٹر کے منافع بہت ہیں۔ منجملہ ان کے ایک نفع یہ ہے کہ وہ بہت تیز رفتار ہے، چند منٹ میں میلوں کی مسافت طے کر لیتی ہے اور اس کا سوار ذرا سے وقت میں دور دراز پہنچ جاتا ہے اور دن رات اس کی تیز رفتاری بڑھتی جا رہی ہے۔ وہ (ذات) پاک ہے جس نے اس کو ہمارے زیر فرمان کر دیا اور ہم میں طاقت نہ تھی کہ اس کو بس میں کر لیتے۔

اور موٹر میں آرام دہ سیٹیں ہوتی ہیں، سیٹوں کے نرم (وگذار) ہونے کے سبب نیز نیچے کی طرف ان کے سکڑ (کر بیٹھ) جانے اور خالی ہوتے وقت ان کے کھل جانے کے سبب سوار ان پر بیٹھ کر چین محسوس کرتا ہے۔ آدمی جب ان پر بیٹھتا ہے تو (یوں محسوس کرتا ہے) گویا وہ اپنے گھر میں اپنے بستر پر بیٹھا ہے۔ اور موٹر بہت سبک رفتاری سے چلتی ہے حتی کہ کبھی کبھار جس کے پاس سے گذر جاتی ہے اسے محسوس تک نہیں ہوتا کہ موٹر اس کے ساتھ سے گذری ہے۔ اور موٹر کی خصوصیات بہت ہیں۔ ان میں سے بعض یہ ہیں جو ہم نے ذکر کی ہیں۔

گذشتہ مقالہ کی اس کے اجزاء پر تقسیم

موضوع: موٹر کی حقیقت وماہیت اور اس کی منفعت وضرورت کا اظہار۔ **عنوان:** موٹر۔

ابتداء: صبح وشام آتی جاتی خوب صورت سبک رفتار موٹر کو دیکھنا۔

اجزاء: موٹر کے ظہور سے پہلے لوگوں کا سفر۔

(۲) دوسری ست رفتار سواریوں کے سبب ان کی تکان۔

(۳) گھوڑے کا کمیاب وگراں ہونا۔

(۴) پیٹرول کی دریافت۔

(۵) موٹر کی ایجاد۔

(۶) منجملہ اس کے فوائد کے تیز رفتاری ہے۔

(۷) اور بیٹھنے میں راحت اور چلنے میں سبک رفتاری ہے۔

اختتام: اور موٹر کی خصوصیات بہت ہیں (جن میں سے) ہم نے بعض کا ذکر کیا۔

التمرين (۱)

اُكْتُبْ مَقَالَةً عَلٰى عُنْوَان "الطَّائِرَة"

كَانَ اَخِي الْاَكْبَرُ يُرِيْدُ مُشَاهَدَةَ الْمَطَارِ فَصَحِبْتُهٗ وَرَأَيْتُ طَائِرَةً مِّنْ قُرْبٍ . فَهِيَ مِنْ عَجَائِبِ خَلْقِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَيَنْدَهِشُ الرَّجُلُ حِيْنَ يَرٰهَا اَوَّلَ وَهْلَةٍ . عِمْلَاقٌ[۱] حَدِيْدِيٌّ يَطِيْرُ طَيَرَانَ الطُّيُوْرِ حَامِلًا فِيْ بَطْنِهٖ مِئَاتٍ مِّنَ الرُّكَّابِ مَعَ طُنَانٍ[۲] مِّنَ الْاَثْقَالِ . وَتِلْكَ الطَّائِرَةُ كَانَتْ عَلٰى اُهْبَةِ الطَّيَرَانِ فَاَدْهَشَتْنَا حِيْنَ عَلَتْ اِلٰى جَوِّ السَّمَاءِ بَعْدَ مَا اَحْدَقَتِ[۳] الْمَطَارَ وَاَخَذَتْ تَطِيْرُ كَالطُّيُوْرِ بِسُرْعَةٍ خَارِقَةٍ وَلَا شَكَّ اَنَّهَا اَسْرَعُ الْمَرَاكِبِ عَلٰى وَجْهِ الْبَسِيْطَةِ[۴] فَاِنَّهَا تَقْطَعُ الْاَمْيَالَ فِيْ بِضْعِ ثَوَانٍ وَغِذَائُهَا الْبِتْرُوْلُ كَسَائِرِ الْمَرَاكِبِ الْاٰلِيَّةِ وَمَنَافِعُ الطَّائِرَةِ كَثِيْرَةٌ وَّفِيْرَةٌ مِّنْهَا جَدْوَاهَا فِي الْحَرْبِ لِوُصُوْلِهَا اِلٰى

---

[۱] دیو۔ بھاری بھرکم [۲] کئی ٹن۔ [۳] گھوما۔ چکر لگایا۔ [۴] روئے زمین پر۔

كُلِّ مَكَانٍ كَجِسْرٍ جَوِّيٍّ بِلَا اَيِّ حَاجِزٍ ثُمَّ عَوْدُهَا كَذٰلِكَ بَعْدَ الْعَمَلِيَّةِ[۱] الْمُظَفَّرَةِ . وَمُعْظَمُ سَبَبِ مَيْلِ النَّاسِ اِلٰى رُكُوْبِ الطَّائِرَةِ مَعَ ارْتِفَاعِ بَدْلِ سَفَرِهَا هِيَ سُرْعَتُهَا الطَّاوِيَةُ لِلْاَرْضِ وَتَوْفِيْرُ اَوْقَاتِ رُكَّابِهَا فَاِنَّهَا تَقْطَعُ مَدًى بَعِيْدَةً فِي اَقْرَبِ وَقْتٍ وَاَقْصَرِ مُدَّةٍ بِالنِّسْبَةِ اِلَى الْقِطَارِ وَالسَّيَّارَاتِ السَّرِيْعَةِ وَعِلَاوَةً عَلٰى هٰذَا هِيَ مُرِيْحَةٌ كَالسَّيَّارَةِ بَلْ اَزْيَدُ مِنْهَا فَرَاكِبُهَا لَايَشْعُرُ بِاَيِّ هَزَّةٍ اَوْحَرَكَةٍ وَيَنْعَمُ نَعْمَةَ الْفِرَاشِ النَّاعِمِ بَلْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ فِي بَعْضِ الْاَحْيَانِ اَنَّهٗ لَيْسَ بِرَاكِبٍ بَلْ هُوَ جَالِسٌ فِيْ بَيْتِهٖ هَادِئًا مُرْتَاحًا وَسُرْعَةُ الطَّائِرَةِ لَاتَزَالُ تَزْدَادُ يَوْمًا فَيَوْمًا فَلَايُدْرٰى اِلٰى اَيِّ حَدٍّ تَنْتَهِيْ ؟ وَيُؤَمَّلُ فِي الْمُسْتَقْبِلِ اَنَّ صَنْعَةَ الطَّائِرَةِ سَتَتَقَدَّمُ تَقَدُّمًا زَائِدًا عَنِ الْحَدِّ . فَتَكُوْنُ الطَّائِرَةُ الْقَادِمَةُ اَحْسَنَ وَاَجْوَدَ مِنَ الطَّائِرَةِ الْقَدِيْمَةِ بَلْ يَرَى النَّاسُ اَنَّ الطَّائِرَةَ لَاتَكْفِي لِطُمُوْحِ الْاِنْسَانِ كَذٰلِكَ فَهُوَ يُحَاوِلُ اخْتِرَاعَ مَرْكَبٍ اَسْرَعَ مِنَ الطَّائِرَةِ بِكَثِيْرٍ يَكُوْنُ غَيْرَ مُحْتَاجٍ اِلَى الْبِتْرُوْلِ .

سبق نمبر ۸

ایک جانور کے موضوع پر

’’اونٹ‘‘ ۔ مثال (۲)

اونٹ چوپایوں میں سے ایک بڑے ڈیل ڈول والا جانور ہے ۔ اونٹوں میں دبلا پتلا (اور چھوٹے سے چھوٹا اونٹ) نیل گائے سے کچھ بڑا ہوتا ہے ۔ اونٹ کی لمبی ٹانگیں اور توانا جسم ہے، اس کے جسم کا بلند (اور نمایاں ترین) عضو اس کی گردن ہے جو اس کے جسم میں

---

[۱] کامیاب کارروائی۔

سب سے طویل عضو ہے تاکہ بیٹھنے پر مجبور ہوئے بغیر لمبے لمبے زمین سے چر سکے۔ وہ اپنی گردن اوپر کی طرف اٹھاتا ہے جو درختوں کی اونچی شاخوں تک آسانی پہنچ جاتی ہے اور پتوں یا پھلوں میں سے جو چاہتا ہے توڑ لیتا ہے۔ اس کی پشت پر ابھرا ہوا کوہان ہوتا ہے جو وافر مقدار میں چربی پر مشتمل ہوتا ہے۔ اسے کھانا میسر نہ ہو تو کئی کئی دن تک اس چربی سے غذا حاصل کرتا ہے۔ اور اس کے پاؤں کے نیچے گدّے ہیں جو اسے ریت میں دھنسنے سے بچاتے ہیں اس لئے کہ وہ ریت میں بہت چلتا ہے اور اسی لئے اسے صحرائی کشتی کا نام بھی دیا جاتا ہے اس کا پیٹ کئی مشکیزوں اور اوجھڑیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ مشکیزے اس پانی پر مشتمل ہوتے ہیں جسے اونٹ ان مشکل اوقات کے لئے ذخیرہ بنا کر رکھتا ہے جن میں پانی نہیں ملتا۔ اس لئے کہ صحرا سینکڑوں میل تک پانی سے خالی ہوتے ہیں، اور اسی لئے دیہاتی اور صحرائی لوگ بارش کے دنوں میں اپنے حوضوں کو پانی سے بھر لیتے ہیں پھر سال بھر اسے استعمال کرتے ہیں۔ اور یہ لوگ رہائش بھی ایسی جگہوں میں رکھتے ہیں جو پانی سے قریب ہوں تاکہ پیاس سے صحراء میں مر نہ جائیں اور اپنے صحرائی سفروں میں بہت سا پانی بھی ساتھ لے جاتے ہیں۔ لیکن پانی جب ختم ہو جاتا ہے اور کئی کئی دن تک نہیں ملتا تو اونٹ اپنا جمع کردہ پانی پیتا ہے۔

اونٹ صحرائی مقامات اور ریتلے علاقوں میں بکثرت پایا جاتا ہے دیہاتی اور دوسرے صحرا نشین لوگ اونٹوں کو پالتے اور ان کی نسل بڑھاتے ہیں اس لئے کہ اونٹ زندگی کے مختلف شعبوں میں ان کو فائدہ پہنچاتا ہے، اونٹنی کا دودھ پیتے، اس کی اون سے پوشاک پہنتے اور خیمے وغیرہ تیار کرتے ہیں اور جب بھوکے پیاسے ہوں اور کھانا پانی انہیں دستیاب نہ ہو تو اونٹ کو ذبح کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں پھر اس کا گوشت کھاتے اور جمع شدہ پانی پی لیتے ہیں، نیز ان کو اپنے دشوار گذار سفروں میں اونٹ کی احتیاج ہوتی ہے، اس لئے کہ اونٹ سفر کی سختیوں کو اکتاہٹ اور تھکاوٹ کے بغیر جھیل جاتا ہے۔ وہ گرمی اور بھوک پیاس برداشت کر لیتا ہے اور بھوک پیاس پر کسی اضطراب کے بغیر سات سات دن صبر کر لیتا ہے۔

اس کے کھر ریت پر چلنے میں اسے طاقت فراہم کرتے ہیں اس لئے کوئی دوسرا جانور اس کی ہمسری نہیں کرسکتا۔ وہ خشک ریت کے نیچے مدفون پانی کے مقامات کو بخوبی جان لیتا ہے جنہیں کوئی دوسرا جانور نہیں جان سکتا، اونٹ پانی کو سونگھتا ہے پھر اس (کے اوپر) کی ریت پر بیٹھ کر اس کی اطلاع دیتا ہے، تب لوگوں کو ریت کے نیچے پانی کے چشمے کا پتہ چلتا ہے، اونٹ تحمل و برداشت ایسی پسندیدہ اور عظیم صفات کا مالک ہوتا ہے، اس میں دوسرا کوئی جانور اس کے مساوی نہیں ہوسکتا، نیز اللہ تعالی نے اپنی ستودہ صفات کتاب میں اونٹ کا ذکر فرما کر اسے خصوصیت کا شرف بخشا ہے چنانچہ ارشاد ہے:

کیا یہ لوگ اونٹوں کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسے (عجیب) پیدا کئے گئے۔ اونٹ عربوں کے لئے سب کچھ ہے، وہ ان کا کھانا، ان کا پینا، ان کی پوشاک ان کی سواری، ان کا رہبر، ان کے سفر کا ساتھی، ان کی ضروریات زندگی کا کفیل، زمانہ جنگ کی سواری اور زمانہ صلح (وامن) کا سرمایہ اور بوقت ضرورت (قیمتی) مال ہے۔

گذشتہ مقالہ کی اجزاء پر تقسیم

موضوع: اونٹ کا تعارف، اس کا جسم اور اس کے فوائد۔

عنوان: اونٹ

ابتداء: اونٹ چوپایوں میں سے ایک جانور ہے۔

اجزاء: (۱) اس کی شکل اور جسم (۲) اس کا کوہان (۳) اس کے کھر (۴) اس کی اوجھڑیاں اور اس کے مشکیزے (۵) کن علاقوں میں بکثرت پایا جاتا ہے (۶) جنگل سے اس کا تعلق اور اس میں اس کا فائدہ۔

اختتام: اونٹ تحمل و برداشت ایسی عمدہ صفات کا مالک ہوتا ہے وغیرہ اونٹ عربوں کے لئے سب کچھ ہے۔

مقدار: ڈیڑھ صفحہ۔

التمرين (۲)

اكْتُبْ مَقَالَةً على " الفرس " واليک عناصرها

اَلْفَرَسُ حَيَوَانٌ مِنْ خَيْرِ دَوَابِّ اللّٰهِ تَعَالىٰ خَلَقَهَا اللّٰهُ تَعَالىٰ مُسَخَّرَةً لِّلْاِنْسَانِ اِنَّهٗ مَفْطُوْرٌ عَلىٰ صِفَاتٍ نَّبِيْلَةٍ عَظِيْمَةٍ وَّيُؤَدِّىْ اَعْمَالًا كَبِيْرَةً سَامِيَةً وَّهُوَ اَجْمَلُ الْحَيَوَانَاتِ صُوْرَةً يَّسُرُّ النَّاظِرِيْنَ بِرَوْعَةِ جَمَالِهٖ وَيُوْجَدُ فِىْ سَائِرِ الْاَلْوَانِ لٰكِنْ غَالِبُ لَوْنِهٖ اَحْمَرُ وَاَسْوَدُ وَخَيْرُ[1] الْخَيْلِ الْاَدْهَمُ الْاَقْرَحُ الْاَرْثَمُ، ثُمَّ الْاَقْرَحُ الْمُحَجَّلُ طَلْقُ الْيَمِيْنِ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ اَدْهَمَ فَكُمَيْتٌ عَلىٰ هٰذِهِ الشِّيْبَةِ كَمَا قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[3]

وَجِسْمُهٗ اَكْبَرُ وَاَطْوَلُ مِنَ الْبَقَرِ بِقَلِيْلٍ وَّيُعْرَفُ الْفَرَسُ مِنْ هَيْئَتِهِ الْجَمِيْلَةِ مِنْ بَعِيْدٍ يُزَيِّنُهٗ عُنُقُهُ الْجَمِيْلُ بِعُرْفِهِ[2] الرَّائِعِ . وَيَزْدَادُ جَمَالُهٗ فِىْ وَقْتِ الْجَرْيِ لَاسِيَّمَا حِيْنَ يَعْدُوْ ضَبْحًا وَّيُوْرِىْ قَدْحًا وَالْفَرَسُ لِاَجْلِ صِفَاتِهِ النَّبِيْلَةِ وَخَصَائِصِهِ الْجَلِيْلَةِ مُحَبَّبٌ اِلَى الْخَالِقِ وَالْمَخْلُوْقِ . فَخَصَّهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ بِشَرَفِ الذِّكْرِ فِىْ كَلَامِهِ الْحَمِيْدِ فَقَالَ :

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ① فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۙ② فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۙ③ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۙ④ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۙ⑤ (۱۰۰۔۵)

---

[1] بہترین گھوڑا سیاہ رنگ کا ہے جس کی پیشانی میں تھوڑی سی سفیدی ہو اور ناک کی جانب سفیدی ہو، پھر وہ گھوڑا بہتر ہے جس کی پیشانی میں تھوڑی سی سفیدی ہو اور ہاتھ پاؤں سفید ہوں لیکن دایاں ہاتھ سفید نہ ہو اگر سیاہ گھوڑا نہ ہو تو کمیت اسی قسم کا (کمیت جس کی پیشانی اور ہاتھ پاؤں سفید ہوں) [2] خوشنما ایال۔

[3] ترمذی۔ دارمی۔

وَحَرَّضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ بِاقْتِنَاءِ الْخَيْلِ قَآئِلاً :

مَنِ احْتَبَسَ فَرَسًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ إِيْمَانًا بِاللّٰهِ وَتَصْدِيْقًا بِوَعْدِهٖ فَإِنَّ شِبَعَهٗ وَرِيَّهٗ وَرَوْثَهٗ وَبَوْلَهٗ فِيْ مِيْزَانِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ـــ وَالشُّعَرَاءُ مُوْلَعُوْنَ بِهٖ حَيْثُ يَذْكُرُوْنَهٗ فِي الْمَوَاقِفِ الْحَرْبِيَّةِ وَالْحَمَاسِيَّةِ افْتِخَارًا وَّاعْتِزَازًا كَمَا قَالَ رَبِيْعَةُ بْنُ مَقْرُوْمٍ ؎

وَلَقَدْ شَهِدْتُ الْخَيْلَ يَوْمَ طِرَادِهَا ؞ بِسَلِيْمِ أَوْظِفَةِ ۱ الْقَوَائِمِ هَيْكَل

وَقَالَ بَعْضُ تَيْمِ اللّٰهِ بْنُ ثَعْلَبَةَ

وَلَقَدْ رَأَيْتُ الْخَيلَ شُلَّنَ ۲ عَلَيْكُمْ ؞ شَوَالَ الْمَخَاضِ ۳ أَبَتْ عَلَى الْمُتَغَبِّرِ ۴

وَأَمَّا انْقِيَادُ الْفَرَسِ وَاسْتِسْلَامُهٗ لِسَيِّدِهٖ فَإِنَّهٗ ضَرْبُ مَثَلٍ فِيْ هٰذَا شَهِدَ لَهُ الْقُرْاٰنُ أَيْضًا فَهُوَ يُخَاطِرُ بِنَفْسِهٖ وَيَسْتَمِيْتُ إِذْعَانًا لِسَيِّدِهٖ.

وَمَنَافِعُهٗ فِيْ شَتّٰى جَوَانِبِ الْحَيَاةِ غَيْرُ خَافِيَةٍ فَإِنَّهٗ رَفِيْقٌ وَفِيٌّ فِي السَّفَرِ يُرَافِقُ صَاحِبَهٗ فِيْ جَمِيْعِ شَدَائِدِ السَّفَرِ مِنَ الْحَرِّ وَالْقَرِّ وَالْجُوْعِ وَالْعَطَشِ وَتَزْدَادُ ضَرُوْرَتُهٗ وَأَهَمِّيَّتُهٗ فِي الْحَرْبِ إِذَا الْفَرَسُ يَقُوْمُ بِدَوْرٍ عَظِيْمٍ بِجَانِبِ سَيِّدِهٖ فِي الْإِنْتِصَارِ عَلَى الْأَعْدَاءِ .

وَيَنْفَعُ الْفَرَسُ فِيْ مُنَاسَبَاتٍ أُخَرَ أَيْضًا مِنَ الْأَعْيَادِ وَالْأَفْرَاحِ فَضْلًا عَلَى الْأُمُوْرِ التِّجَارِيَّةِ وَالشُّئُوْنِ الْمَنْزِلِيَّةِ وَالْحَوَادِثِ وَالطَّوَارِئِ وَلِذٰلِكَ وَلِعَ النَّاسُ بِاقْتِنَائِهٖ بَعْضُهُمْ لِحَاجَتِهِمْ وَبَعْضُهُمْ لِإِظْهَارِ الْغِنٰى وَالسَّرَاوَةِ

---

۱ پتلے ہاتھ پاؤں والے ۲ دم اٹھائی (دوڑے) ۳ حاملہ اونٹنی۔ ۴ دودھ دوہنے والی ـــ بخاری۔

فَكُلُّهُمْ مَجْزِيُّوْنَ بِنِيَّاتِهِمْ لٰكِنَّ الْيَوْمَ قَلَّ نَفْعُهُ وَغَنَاءُهُ لِاخْتِرَاعِ الْمَرَاكِبِ الْآلِيَّةِ وَالسَّيَّارَاتِ وَالطَّائِرَاتِ وَكُلُّهَا أَسْرَعُ سَيْرًا مِنَ الْفَرَسِ فَاٰثَرَهَا النَّاسُ عَلَى الْفَرَسِ. عَلٰى كُلِّ حَالٍ فَالْخَيْلُ نِعْمَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَاٰيَةٌ مِّنْ اٰيَاتِهٖ فِيْ خَلْقِهٖ وَرُكُوْبِهٖ وَاقْتِنَائِهٖ مِنْ عَلَائِمِ الرُّجُوْلَةِ وَالْبُطُوْلَةِ.

سبق نمبر ۹

اجتماعی زندگی میں انسانی خدمتگاروں میں سے ایک کارکن کے موضوع پر

’’ڈاکیہ‘‘ مثال (۳)

ڈاکیہ ملک وملت کے ان خدمتگاروں میں سے ایک (بڑا) خدمتگار ہے جن کے ذریعے ہم اپنے ایسے بہت سے مقاصد کی تعمیل میں مدد حاصل کرتے ہیں جن کی تکمیل ہماری طاقت سے باہر ہے۔ اور جنہیں از خود انجام دینے سے ہم قاصر ہیں۔ وہ کتھئی رنگ کا ایک خاص جوڑا پہنتا ہے اور سر پر پگڑی باندھتا ہے، اپنا چمڑے کا بیگ ہاتھ میں رکھتا ہے جس میں مختلف اشیاء رکھنے کے لئے متعدد خانے ہوتے ہیں، بعض خانوں میں خطوط، بعض میں رقوم اور بعض میں دوسری اشیاء قلم دوات وغیرہ رکھتا ہے تاکہ قلم دستیاب نہ ہونے کے سبب لکھائی کا کام تعطل کا شکار نہ ہونے پائے، اور یہ اشیاء عموماً ان علاقوں میں ساتھ رکھتا ہے جہاں کی اکثر آبادی ان پڑھ ہوتی ہے۔

وہ امانت (ودیانت) اپنے کام میں چستی، اپنے فرض اور ذمہ داری کی ادائیگی ایسے مخصوص فطری صفات سے متصف ہوتا ہے۔ آپ اسے صبح وشام آتے جاتے دیکھیں گے، متعلقہ اشخاص پر خطوط تقسیم کرتا ہوا آپ سے اور آپ کے اڑوس پڑوس سے ہو کر گذر جاتا ہے لیکن کسی چیز پر التفات نہیں کرتا اور نہ اپنے وقت کو بے کار جانے دیتا ہے تاکہ مفوض فرض کی ادائیگی میں اسے تاخیر نہ ہوجائے۔

نیز آپ دیکھیں گے کہ لوگ شدت سے اس کا انتظار کرتے اور بے تابی سے اس کی راہ تکتے ہیں۔ اس لئے کہ خطوط کے پتے لوگوں کی بولیوں کے موافق متعدد زبانوں میں ہوتے ہیں اسی لئے آپ دیکھیں گے کہ جن جن خطوط پر انگریزی زبان میں پتے درج ہوتے ہیں اور جن پر ہندی زبان میں پتے درج ہوتے ہیں سب کے سب اسی طرح متعلقہ اشخاص تک پہنچ جاتے ہیں، اور ان کے پہنچنے میں زبانوں کا اختلاف اور رسم الخط کی دشواری حائل نہیں ہوتی ڈاکیے دو قسم کے ہیں۔ پہلی قسم کا ڈاکیہ وہ ہے جو ملک کے مختلف اطراف سے آئے ہوئے خطوط اور رسائل ڈاک خانہ سے وصول کر کے متعلقہ افراد پر بڑی پھرتی سے تقسیم کرتا ہے۔ بعض ڈاکیے پیدل (چل کر یہ کام کرتے ہیں) اور بعض سائیکلیں استعمال کرتے ہیں، اور دوسری قسم کا ڈاکیہ وہ ہے جو شہر کے محلوں اور دیہاتوں میں لٹکے لیٹر بکسوں سے خطوط جمع کر کے ڈاک خانہ پہنچاتا ہے۔ جہاں ان پر مہریں لگتی ہیں۔ پھر انہیں متعلقہ افراد کی طرف بھیج دیا جاتا ہے، ہماری مشکلات کے آسان کرنے اور وقت بچانے میں ڈاکیہ کا بڑا کردار ہے۔ اگر اس کی کارکردگی نہ ہوتی تو دوست، احباب، اعزہ اقارب اور دوسرے لوگوں سے رابطہ کرنا ہمارے لئے بڑی مشقت کا کام ہوتا۔ لیکن اب ہمیں کچھ نہیں کرنا پڑتا سوائے اس کے کہ (خطوط پر) پتے لکھ کر ٹکٹیں چسپاں کر کے لیٹر بکسوں میں ڈال دیں۔ اور ان کے محفوظ رہنے اور (بسلامت) پہنچنے پر مطمئن ہو جائیں۔ لوگوں کے ساتھ بھلائی اور تعاون کرنے پر اللہ تعالیٰ کے ہاں اجر عظیم ہے۔

گذشتہ مقالہ کی اس کے اجزاء پر تقسیم

موضوع: ڈاکیہ کی کارکردگی کا بیان، اس کا تعارف اور فائدہ۔

عنوان: ڈاکیہ۔

اجزاء: (۱) اس کا لباس، اس کا آلہ (بیگ) (۲) اس کی دیانت داری، اس کے اخلاق اور اس کی چستی (۳) اس کا علم (۴) اس کی دو قسمیں (۵) اس کا اچھا کردار اور اس کا فائدہ۔

ابتداء: ڈاکیہ کا خادم قوم ہونا اور ہمارا اپنے ایسے مقاصد کی تعمیل میں اس سے مدد لینا جنہیں

ہم اپنا بہت سا قیمتی وقت خرچ کئے بغیر انجام دینے کی قدرت نہیں رکھتے۔

اختتام: اس کا اچھا کردار اور فائدہ (جن کا ذکر اجزاء میں گزر چکا)

التمرين (۳)

اُكتب مقالة على عنوان" الشرطى "

واليک هٰذه العناصر

رَأَينَا الشُّرْطِيَّ قَائِمًا فِي المَجَامِعِ وَفِي الْمُفْتَرَقَاتِ[۱] يُرَتِّبُ الْمَارَّةَ وَيُقَدِّمُ لَنَا خِدْمَةً جَلِيْلَةً فِي الثَّوْرَاتِ وَالاَحْدَاثِ وَالْاِضْطِرَابَاتِ وَهُوَ رَجُلٌ جَلْدٌ[۲] مُهِيْبٌ يَمْتَازُ بِحُلَّتِهِ الخَاصَّةِ تَتَكَوَّنُ مِنْ بَنْطَلُوْنٍ رَمَادِيٍّ وَ قَمِيْصٍ اَسْوَدَ وَقَلَنْسُوَةٍ سَوْدَاءَ حَالِكَةٍ[۳] وَعَمَلُهُ اِسْدَاءُ الخِدْمَةِ اِلَى الجَمِيْعِ فِي كُلِّ مَكَانٍ وَزَمَانٍ وَفِي الحَوَادِثِ وَالْكَوَارِثِ خَاصَّة.

وَهُوَ يَتَّصِفُ بِصِفَاتٍ خُلْقِيَّةٍ خَاصَّةٍ مِنْ اَمَانَةٍ وَنَشَاطٍ فِي الْعَمَلِ وَاَدَاءِ مَسْئُولِيَّتِهِ وَوَاجِبِهِ فَتَرَاهُ نَشِيطًا مُتَيَقِّظًا دَائِمَ الْعَمَدِ لَايُفْتُرُ عَنْ عَمَلِهِ وَلَايَسْتَحْسِرُ يَسْهَرُ عَلَى فَوَائِدِ الجَمِيْعِ فَيُحَافِظُ عَلَى الْمَتَاجِرِ وَالدَّكَاكِيْنِ وَجَمِيْعِ المُمْتَلَكَاتِ الثَّمِيْنَةِ مُضَحِّيًا بِنَوْمِهِ وَرَاحَتِهِ.

وَالشُّرْطِيُّ اَنْوَاعٌ مِنْهَا نَوْعٌ يُقِيْمُ الْاَمْنَ وَالسَّلَامَةَ فِي البِلَادِ فَيُرَاقِبُ النَّاسَ وَيَحْرُسُ اَمْوَالَهُمْ جَائِلًا[۴] فِي الْاَسْوَاقِ وَالشَّوَارِعِ وَيَحْضُرُ بِسُرْعَةٍ فَائِقَةٍ حَيْثُمَا تَحْدُثُ حَادِثَةٌ مِنَ الْقَتْلِ وَالنَّهْبِ فَيُفَتِّشُ عن اَسْبَابِ الْجَرِيْمَةِ وَيَقْبِضُ عَلَى الْمُجْرِمِيْنَ فَيَسُوْقُ بِهِمْ اِلَى مَرْكَزِ الشُّرْطَةِ ثُمَّ بَعْدَ التَّفْتِيْشِ

---

[۱] چوک۔ [۲] باہمت۔ متحمل مزاج۔ [۳] گہری سیاہ۔ [۴] گشت کرتا، چکر لگاتا۔

اللَّازِمِ يُحْضِرُهُمْ فِى الْمَحْكَمَةِ حَتّٰى يَنَالُوْا جَزَآءَ مَا كَسَبُوْا.

وَنَوْعٌ يُنَظِّمُ حَرَكَةَ مُرُوْرِ السَّيَّارَاتِ وَيُسَمّٰى بِه "شُرْطَةُ الْمُرُوْرِ" يَتَمَيَّزُ عَنْ بَقِيَّةِ الْاَنْوَاعِ بِحُلَّتِهِ الْمَخْصُوْصَةِ وَيَقِفُ فِىْ مَفَارِقِ الطُّرُقِ وَالشَّوَارِعِ الْمُكْتَظَّةِ يُنَظِّمُ السَّيَّارَاتِ الْمَارَّةَ فَيُوْقِفُ بَعْضَهَا وَيُسَيِّرُ الْاُخْرٰى وَمَسْئُوْلِيَّتُهٗ خَطِرَةٌ وَهَامَّةٌ جِدًّا اِنْ يُّهْمِلْ لِفَيْنَةٍ تَصَادَمَتِ السَّيَّارَاتُ وَاخْتَلَّ نِظَامُ الْمُرُوْرِ بِاَسْرِهٖ فَلِذٰلِكَ تَرَاهُ يُؤَدِّىْ وَظِيْفَتَهٗ بِنَشَاطٍ مَلْحُوْظٍ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّلْوِىَ عَلٰى شَيْءٍ فَفَائِدَةُ الشُّرْطِيِّ وَاضِحَةٌ هُوَ يَعُوْزُ الْجَمِيْعَ فِى الْحَيَاةِ الْاِجْتِمَاعِيَّةِ خُطْوَةً خُطْوَةً فَبِهٖ قِيَامُ الْعَدْلِ لِلْمَظْلُوْمِيْنَ وَنِظَامُ الْاِغَاثَةِ لِلْمَلْهُوْفِيْنَ فَلَوْلَا الشُّرْطِيُّ لَارْتَفَعَ الْحِفَاظُ عَنِ النُّفُوْسِ وَالْاَعْرَاضِ وَالْاَمْوَالِ وَتَعَرَّضَ كُلُّ شَيْءٍ لِلْخَطَرِ وَاخْتَلَّ نِظَامُ الْاَمْنِ بَلْ تَدَمَّرَتِ الدِّيَارُ وَتَخَرَّبَتِ الْبِلَادُ. فَلِلشُّرْطِيِّ فَضْلٌ كَبِيْرٌ فِىْ تَثْبِيْتِ الْاَمْنِ وَتَسْهِيْلِ مَشَاكِلِ الْجُمْهُوْرِ وَحِفْظِ النُّفُوْسِ وَالْمُمْتَلَكَاتِ لٰكِنْ مِمَّا يُؤْسَفُ لَهٗ اَنَّ مَصْلَحَةَ الشُّرْطَةِ قَدْ سَاءَتْ سُمْعَتُهَا فِىْ هٰذِهِ الْاَيَّامِ لِاِلْتِبَاسِ بَعْضِ رِجَالِهَا بِجَرَائِمَ شَنِيْعَةٍ مِنَ الْاِضْطِهَادِ وَالْاِرْتِشَاءِ فَيَجِبُ تَطْهِيْرُهَا وَعَلٰى كُلٍّ فَالشُّرْطِيُّ خَادِمٌ هَامٌّ مِنْ خَدَمَةِ الْاُمَّةِ لَا غِنٰى بِاَحَدٍ عَنْ خِدْمَتِهٖ.

---

[1] پولیس کا محکمہ بدنام ہوگیا۔

سبق نمبر ۱۰

ایک حادثہ یا واقعہ کا بیان

چھت سے گرنا۔ مثال (۴)

میں ایک دن اپنے ایک گہرے دوست کے پاس گیا جس سے مجھے بڑی محبت تھی، جسے میں اپنے دل و جان کی جگہ سمجھتا تھا ہم اکٹھے ہی پڑھتے تھے، نیز بہت سے کاموں میں اور کئی طرح کے مشاغل میں باہم شریک رہے تھے، چنانچہ میں اس کے گھر گیا اور نام لے کر اسے آواز دی اور اس کے دروازے پر دستک دی مجھے بتایا گیا کہ وہ اپنے مکان کی بالائی چھت پر موجود ہے مجھے بھی اس نے اپنی طرف بلا لیا جب میں نے یہ سنا تو فوری سیڑھیاں چڑھتا ہوا اس کے پاس پہنچ گیا۔ میں نے اس کو اس حال میں پایا کہ ایک پتنگ سے کھیل رہا ہے، اسے فضا میں بلند کر رکھا ہے۔ کبھی اس کی ڈور ڈھیلی کر دیتا ہے تو وہ اوپر کو اٹھتی ہے اور بلند ہو کر فضا آسمان کو چھونے لگتی ہے اور کبھی ڈور کو کھینچ لیتا ہے تو پتنگ نیچے اتر کر سکون پکڑتی (ٹھہر جاتی) ہے وہ اپنے کھلونے میں ایسا مست و مگن تھا کہ اسے اپنے پیروں کی جگہ، ٹھہرنے کے موقع اور پیٹھ پیچھے کی کوئی پرواہ نہ تھی میں نے اس غفلت پر اس کو بار بار ٹوکا، میرے ٹوکنے پر وہ ہوش میں آجاتا مگر کھیل میں پھر ہوش کھو بیٹھتا اور مدہوش ہو جاتا تب مجھے اس کی جان پر ڈر محسوس ہوا، ایک بار میں غافل ہو کر کسی دوسری چیز کو دیکھنے لگا تو اس کی چیخ نے میری نظر پھیر دی (چیخ کی جانب) میری نگاہ لوٹی تو چھت سے میں نے اس کا لڑھکتا گرتا جسم دیکھا میں چلاتا اور یہ کہتا ہوا نیچے کو دوڑا کہ فلاں گر گیا فلاں گر گیا، جب میں اس کے پاس پہنچا تو اسے بیہوشی کی کیفیت میں دیکھا اس لئے کہ اسے سخت چوٹیں آئی تھیں جنہوں نے اسے ادھ موا کر دیا تھا اس پر مجھے سخت رنج اور قلق ہوا۔ مصیبت کی سنگینی دیکھ کر میرا دل بھر آیا اور آنکھوں کو رونے سے نہ روک سکا میں ابھی اسی رنج کی کیفیت میں تھا کہ اس کے گھر والے حد درجہ حیرت و اضطراب میں (ڈوبے) پہنچ گئے، جب انہوں نے اسے

اس اذیت ناک حالت میں دیکھا تو رو پڑے اور بہت گھبرائے اور خوف و دہشت کے مارے چلانے لگے، اور لوگ بھی اکٹھے ہو کر حادثہ کو دیکھنے لگے، ہر شخص حادثہ پر تبصرہ کرنے اور اسے موضوع سخن بنانے لگا۔ بعض لوگ والدین اور سرپرستوں کو ملامت کرنے لگے کہ وہ بچوں کو بے مہار چھوڑ دیتے ہیں کہ کھلی اور ہموار چھتوں پر چڑھتے پھریں پھر آخر گر پڑتے ہیں، اور کچھ لوگوں نے ایمبولینس طلب کرنے کی رائے دی لہذا ایمبولینس کو اطلاع کی گئی اور وہ لوگ برق رفتاری سے آ پہنچے۔ حادثہ کا پتہ لگایا، اس کی نوعیت معلوم کی اور زخموں پر مرہم پٹی کر کے اسے ہسپتال لے گئے، تا اینکہ (مکمل طور پر) شفایاب اور زخموں سے صحت یاب ہو جائے۔ میرا دوست ایک ماہ کی مدت کے بعد ہی شفایاب ہو سکا جس میں مدرسہ سے چھٹی کیے رکھی اور اس مدت میں اسباق بھی نہ پڑھے۔ یہ جو کچھ پیش آیا اس کا واحد سبب اس کی انجام سے لا پروائی اور ایسے فضول کام میں وقت ضائع کرنا تھا جس کا دین و دنیا میں کوئی فائدہ نہیں۔

گذشتہ مقالہ کی اس کے اجزاء پر تقسیم

عنوان: چھت سے گرنا۔

موضوع: میرے دوست کا ایسے وقت اپنے مکان کی چھت سے گرنا جبکہ وہ ایک فضول کام میں مدہوش اور اپنے (آگے) پیچھے سے بے خبر پتنگ سے کھیل رہا تھا۔

ابتداء: میرا دوست کی طرف جانا تا کہ اس سے ملوں اور اس سے نشست کر کے لطف اندوز ہوں لیکن وہ اپنی چھت پر اپنی پتنگ بلند کر رہا تھا۔

موضوع کے اجزاء: (۱) وہ اپنی چھت پر اپنی پتنگ بلند کر رہا تھا۔ (۲) اس کا پتنگ پر فریفتہ ہونا اور اس کی غفلت و مدہوشی (۳) اس کا پھسلنا اور گرنا (۴) اس کے زخم اور اس کی تکالیف (۵) میرا اس پر رنجیدہ ہونا اور لوگوں کا افسوس کرنا، اور اس کے اہل خانہ کا جلد اس کے پاس پہنچنا (۶) اس کے اہل خانہ کی گھبراہٹ (۷) لوگوں کا اکٹھا ہونا اور ان کی تنقید و نکتہ چینی (۸) ایمبولینس کا طلب کرنا اور ان لوگوں کا حاضر ہونا۔ (۹) زخموں کی مرہم پٹی کرنا

اور اس کو ہسپتال منتقل کرنا۔

اختتام: اس کا ایک ماہ بعد شفایاب ہونا اور اس مدت میں کام کاج اور تعلیم سے منقطع ہونے کے سبب اس کا نقصان اور اس کے بعد اس کا محتاط ہونا اور بے فائدہ کاموں کو چھوڑ دینا۔

التمرين (۴)

اُكْتُبْ عَلٰى عُنْوانِ "الْاِصْطِدَام"

وَاِلَيْكَ عَنَاصِرُ الْمَقَالَةِ:

اِحْتَجْتُ اَنَا وَصَدِيْقِيْ اِلٰى شِرَآءِ بَعْضِ الْحَوَآئِجِ فَخَرَجْنَا اِلَى السُّوْقِ مَعًا وَوَصَلْنَا اِلَى الشَّارِعِ الْكَبِيْرِ وَكَانَ مُزْدَحِمًا مُكْتَظًّا بِالْمَارَّةِ وَالسَّيَّارَاتِ وَالْحَافِلَاتِ فَوَقَعْنَا فِي ازْدِحَامِ الْمَارَّةِ وَوَسَطْنَا هُمْ فَاَسْرَعَ صَدِيْقِيْ لِاَنْ يَعْبُرَ الشَّارِعَ غَيْرَ مُبَالٍ بِمَا اَمَامَهُ وَبِمَا وَرَائَهُ فَنَبَّهْتُهُ عَلٰى هٰذِهِ الْعُجْلَةِ الْحَمْقَآءِ لٰكِنْ لَّمْ يَتَنَبَّهْ وَلَمْ يَشْعُرْ فَحَالَمَا وَصَلَ وَسْطَ الشَّارِعِ جَآءَتِ الْمَرَاكِبُ الصَّارِخَةُ الْمُصَفِّرَةُ عَنْ جَانِبِهٖ وَهُوَ غَافِلٌ لَا يُشْعُرُ فَاضْطَرَبَ وَاضْطَرَبَتِ الْمَرَاكِبُ فَبَيْنَا هُوَ يُحَاوِلُ الْعُبُوْرَ اِذْ صَدَمَتْهُ سَيَّارَةٌ فَلَمْ يَرُدَّ بَصَرِيْ اِلَّا صَيْحَتُهُ الْحَآئِلَةُ ارْتَجَعَ بَصَرِيْ فَرَاَيْتُ جِسْمَهُ الْجَرِيْحَ الصَّرِيْعَ فَسَعَيْتُ اِلَيْهِ صَارِخًا وَمُشِيْرًا اِلَى السَّيَّارَةِ الصَّادِمَةِ هٰذِهٖ صَدَمَتْهُ هٰذِهٖ صَدَمَتْهُ فَتَوَقَّفَتِ الْمَارَّةُ وَالْمَرَاكِبُ فَجْأَةً وَوَصَلْتُ اِلَيْهِ مُتَاَسِّفًا وَمُتَاَلِّمًا فَوَجَدْتُهُ كَالْمُغْشِيِّ عَلَيْهِ لِاِصَابَةِ الْجِرَاحَاتِ الشَّدِيْدَةِ وَفِيْ اَثْنَآءِ هٰذَا حَضَرَا اَهْلُهُ بَاكِيْنَ صَارِخِيْنَ لِشِدَّةِ الْبُرَحَآءِ وَتَجَمَّعَ النَّاسُ حَوْلَ الْجَرِيْحِ مَذْعُوْرِيْنَ

مَبْهُوْتِيْنَ فَتَأَلَّمَ كُلُّ مَنْ رَاٰهُ وَجَعَلَ النَّاسُ يُعَلِّقُوْنَ عَلٰى مَاحَدَثَ وَيَتَحَدَّثُوْنَ عَنْهُ فَمِنْ قَآئِلٍ يَجِبُ اِصْلَاحُ نِظَامِ الْمُرُوْرِ لِيَنْسَدَّ وُقُوْعُ الْحَوَادِثِ وَالْاِصْطِدَامَاتِ وَمِنْ قَآئِلٍ لَابُدَّ مِنْ تَدْرِيْبِ السَّآئِقِيْنَ وَتَهْذِيْبِهِمْ لِيَتَّخِذُوْا الْحَذَرَ فِى السِّيَاقَةِ وَيَتَجَنَّبُوا الصِّدَامَ مَعَ اَحَدٍ وَمِنْ لَائِمٍ نِ الْاٰبَاءَ وَالْاَوْلِيَآءَ حَيْثُ يَسْمَحُوْنَ لِاَوْلَادِهِمُ الْخُرُوْجَ مِنَ الْبُيُوْتِ وَالْجَوَلَانَ فِى الشَّوَارِعِ وَالْاَسْوَاقِ حَتّٰى يَصْطَدِمُوْا وَيُسَبِّبُوْا وُقُوْعَ الْحَوَادِثِ وَالْكَوَارِثِ وَبَعْضُهُمْ اَشَارَ بِاسْتِحْضَارِ الْاِسْعَافِ وَاِخْبَارِ الْبُوْلِيْسِ فَاُخْبِرَ الْاِسْعَافُ فَحَضَرُوْا بِسُرْعَةٍ فَائِقَةٍ وَجَآءَتْ سَيَّارَةُ الْبُوْلِيْسِ اَيْضًا فَتَبَيَّنُوا الْحَادِثَةَ وَاعْتَقَلُوا[1] السَّآئِقَ فَذَهَبُوْا بِهٖ اِلٰى مَرْكَزِ الْبُوْلِيْسِ ، اَمَّا الْجَرِيْحُ فَحَمَلَهُ الْاِسْعَافُ اِلَى الْمُسْتَشْفٰى بَعْدَ ضَمْدِ الْجِرَاحِ فَمَكَثَ صَدِيْقِىْ فِى الْمُسْتَشْفٰى اُسْبُوْعَيْنِ مُتَعَطِّلًا عَنْ جَمِيْعِ الْاَعْمَالِ وَالْاَشْغَالِ وَبَعْدَ ذٰلِكَ اسْتَطَاعَ الْخُرُوْجَ وَبَدَاَ صِغَارَ الْاَعْمَالِ وَاَصْبَحَ يَخَافُ مِنَ الْعَجَلَةِ وَعَدَمِ الْمُبَالَاةِ عِنْدَ الْمَشْىِ سِيَّمَا فِى الشَّوَارِعِ الْمُغْتَصَّةِ وَالْمَمَرَّاتِ الْمُكْتَظَّةِ.

سبق نمبر ۱۱

ایک تقریب یا تفریح یا دلچسپ پروگرام کے موضوع پر

”بارش کا دن“ ۔ مثال (۵)

گذشتہ جمعہ کے روز میں اپنے بستر سے صبح سویرے اٹھا تا کہ معتدل فضا اور خوشگوار بادصبا (صبح کی ٹھنڈی ہوا) سے اپنے تئیں لطف اندوز کروں آسمان صاف اور فضا موافق ومعتدل

---

[1] گرفتار کیا۔

تھی بادلوں نے اسے مکدر نہیں کیا تھا۔ آفتاب طلوع ہوا اور دھیرے دھیرے بلند ہوا یوں چمکنے لگا گویا سونے کی ٹکیہ یا آگ کا دہکتا انگارا ہے، میں اس منظر سے حد درجہ مسرور ہوا اور اپنے گھر کے سامنے ہرے بھرے چمن میں اتر کر گلاب و ریحان کی خوشبوئیں لینے لگا۔ اچانک مطلع گردآلود ہونے لگا اور آسمان پر کچھ ابر چھانے لگا، بس ذرا سی دیر گذری تھی کہ ہوائیں چل پڑیں اور آندھیاں بپھر گئیں اور ہر شئی سکون کے بجائے اضطراب و بے قراری میں بدل گئی، گھر گرنے اور درخت اکھڑنے کو آ گئے اور ہوائیں بادلوں کو چلانے اور آپس میں ملانے پھر ان کو تہ بہ تہ کرنے لگیں۔ چنانچہ فضا اداس اور دنیا اندھیر ہو گئی، فضا اور میری نگاہوں کے درمیان تاریکی چھا گئی، ہنستا مسکراتا دن ایک اداس ترش اور بدمزہ دن میں بدل گیا یہ کیفیت تھوڑی دیر تک ہی رہی کہ ہلکی بارش برسنے لگی پھر بالتدریج تیز ہونے لگی یہاں تک کہ ایسی موسلا دھار ہو گئی گویا پرنالے بہ پڑے ہوں حتی کہ سیلاب عمارتی پشتوں تک پہنچ گیا اور کئی گھنٹے یہی کیفیت رہی اس دوران میں نے چٹیل میدانوں کو دیکھا کہ وہ پانی میں ڈوب چکے تالاب بھر چکے اور بڑے نالے چل پڑے اور پختہ سڑکیں میں نے دیکھیں کہ (دھل کر) صاف شفاف ہو گئیں باقی رہیں غیر پختہ سڑکیں تو وہ پانی کیچڑ اور گڑھوں کا مجموعہ بن گئیں اور لوگوں کا حال یہ تھا کہ بھیگ جانے سے بچاؤ کی خاطر چھتریاں پھیلائے ادھر ادھر بھاگتے پھر رہے تھے، اور بہت سے لوگ گھروں اور مکانوں میں بند ہو کر رہ گئے۔ اور بارش تھمنے تک عام مقامات کی طرف نہ نکلے، لیکن دوسرے بہت سے لوگ بے پروا ہو کر ہر جگہ آتے جاتے رہے بھیگنے سے بے نیاز اپنی ضروریات پوری کرتے اور بارش برسنے پر خوشیاں مناتے رہے، کئی گھنٹوں بعد جا کر بارش تھمی اور پانی برسنے کا سلسلہ رکا بادل چھٹنے اور منتشر ہونے لگے اور آسمان جھروکوں کے درمیان اجلا دھلا دھلایا دکھنے لگا، کچھ وقفے کے بعد ہم نے بادلوں کو دیکھا کہ وہ بکھر رہے ہیں اور سطح آسمان سے ہٹ رہے ہیں وہ چمکتے دمکتے گرم سورج کے سامنے ہار مان رہے ہیں، سورج طلوع ہوا اور اس کی گرم شعاعیں سطح زمین پر پڑیں تو لوگوں نے اللہ تعالی کا شکر ادا کیا کہ وہ بارشیں بھیج کر زمین کو زندگی بخشتا ہے

پھر سورج (کی گرمی) بھیجتا ہے کہ زمین کی زندگی مزید مستحکم ہو اور اس سے سبزہ اُگے۔

عام مقامات اور راستوں پر جمع شدہ پانی کو ہٹانے میں انتظامیہ کے لوگوں نے اپنی پوری کوششیں صرف کیں اللہ تعالیٰ ان کو بہتر جزاء دے۔

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: ایمان کے ستر سے زائد شعبے ہیں جن میں ادنی شعبہ راستہ سے تکلیف دہ چیز کا ہٹانا ہے، اوکما قال[1]۔

مقالہ کی اس کے اجزاء پر تقسیم

موضوع: ایک دن بارش کا برسنا اور کیسے برسی؟

عنوان: بارش کا دن

ابتداء: ابتداء کلام سے اس جملے تک کہ مطلع اچانک گرد آلود ہونے لگا الخ بارش سے پہلے فضا کی کیفیت اور میرا صبح سویرے اٹھنا۔

اجزاء: (۱) ہواؤں کا چلنا اور ان کا بادلوں کو جمع کرنا (۲) یک بہ یک فضا کا تبدیل ہو جانا (۳) زور دار بارش برسنا (۴) زمین کی حالت (۵) لوگوں کی حالت (۶) بارش تھمنا (۷) آسمان کا حال (۸) اللہ تعالیٰ کا شکر۔

اختتام: انتظامیہ کے لوگوں نے اپنی کوششیں پانی ہٹانے میں صرف کیں۔

التّمرين (۵)

اُكْتُبْ مَقَالَةً عَلٰى عُنْوَانِ "نُزْهَتِي"

كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ الْمَاضِيْ يَوْمَ عُطْلَةٍ فِي الْمَدْرَسَةِ فَقَضَيْنَا زُمَلَاءُ الصَّفِّ الرَّابِعِ اَنْ نَقُوْمَ بِنُزْهَةٍ فَتَاَهَّبْنَا لَهٗ وَقَصَدْنَا الْخُرُوْجَ صَبَاحَ الْجُمُعَةِ فَنَهَضْتُ مِنْ فِرَاشِيْ مُبَكِّرًا . وَمِنْ حُسْنِ الْمُصَادَفَةِ اَنَّ الْيَوْمَ كَانَ مُعْتَدِلَ الْجَوِّ صَافِيَ السَّمَآءِ فَاجْتَمَعَ الزُّمَلَآءُ فِيْ بَيْتِيْ طِبْقًا لِلْوَعْدِ فَفَكَّرْنَا اَوَّلًا فِيْ

---

[1] مسلم

اُخْتِيَارِ الْمَحَلِّ الْمُمْتِعِ لِنُزْهَتِنَا فَاسْتَقَرَّ رَأْيُنَا عَلَى الْخُرُوْجِ إِلٰى ضَاحِيَةٍ مِّنْ ضَوَاحِي الْمَدِيْنَةِ فَهَيَّئْنَا الزَّادَ مِنْ أَنْوَاعِ الْأَطْعِمَةِ وَأَلْوَانِ الْفَوَاكِهِ وَالْمَشْرُوْبَاتِ وَالْحَوَائِجِ اللَّازِمَةِ لِلسَّفَرِ ثُمَّ بَدَأْنَا السَّفَرَ رَاكِبِيْنَ عَلَى الدَّرَّاجَاتِ فَمَرَرْنَا أَثْنَاءَ السَّفَرِ مِنْ بَيْنَ الْحُقُوْلِ الْخَضِرَةِ وَالْمَزَارِعِ الْخِصْبَةِ نُمَتِّعُ أَنْفُسَنَا وَنُقِرُّ أَعْيُنَنَا بِمَنَاظِرِ الْفِطْرَةِ وَمَظَاهِرِ الْقُدْرَةِ حَتّٰى وَصَلْنَا إِلٰى أَرْضٍ مُّرْتَفِعَةٍ فِيْ وَسْطِ الْخَضْرَآءِ فَاخْتَرْنَاهَا لِلْجُلُوْسِ وَالطَّعَامِ فَتَشَاوَرْنَا أَوَّلًا فِيْ طَبْخِ الطَّعَامِ وَوَلَّيْنَا الرَّفِيْقَيْنِ مِنَّا هٰذَا الْعَمَلَ وَتَوَلَّيْتُ نَفْسِيْ أَمْرَ الْحَطَبِ فَجِئْتُ بِهٖ مِنْ سَاعَتِيْ مِنْ أَرْضٍ قَرِيْبَةٍ وَتَوَجَّهَ بَعْضُ الرُّفَقَاءِ تِلْقَاءَ الْغَابَةِ حَامِلِيْ بَنَادِقِهِمْ لِلْاِصْطِيَادِ فَاصْطَادُوْا بَعْضَ الطُّيُوْرِ وَأَعْطَوْهَا الطَّابِخَيْنِ فَنُصِبَتِ الْقُدُوْرُ وَأُشْعِلَتِ النِّيْرَانُ تَحْتَهَا فَطَبَخَ الصَّدِيْقَانِ الطَّعَامَ وَأَحْسَنَا الطَّبْخَ وَخِلَالَ انْطِبَاخِ الطَّعَامِ جَلَسْنَا نَتَبَادَلُ الْأَفْكَارَ وَنَتَجَاذَبُ أَطْرَافَ الْحَدِيْثِ إِذْ جَرَتْ بَيْنَنَا الْمُبَارَاةُ الشِّعْرِيَّةُ فَقَدَّمَ كُلُّ رَفِيْقٍ مَّا كَانَ عِنْدَهٗ مِنْ أَحْسَنِ الشِّعْرِ وَأَجْوَدِ الْبَيْتِ وَمِمَّا اسْتَحْسَنَهٗ جَمِيْعُ الشُّرَكَاءِ وَأَثْنَوْا عَلٰى قَائِلِهٖ ۔

وَلَمَّا رَأَيْتُ الشَّيْبَ أَيْقَنْتُ أَنَّهٗ   نَذِيْرٌ لِجِسْمِيْ بِانْهِدَامِ بِنَائِهٖ
إِذَا ابْيَضَّ مُخْضَرُّ النَّبَاتِ فَإِنَّهٗ   دَلِيْلٌ عَلٰى اسْتِحْصَادِهٖ وَفَنَاءِهٖ

قَوْلُ أَبِي الْفَتْحِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ الْبُسْتِيِّ ۔

إِذَا مَرَّ بِيْ يَوْمٌ وَلَمْ أَتَّخِذْ يَدًا   وَلَمْ أَسْتَفِدْ عِلْمًا فَمَا ذَاكَ مِنْ عُمْرِيْ

وَأَصْدَقُ كَلِمَةٍ قَالَهَا الشَّاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيْدٍ ۔

اَلَاکُلُّ شَیْئٍ مَّاخَلَا اللّٰہ بَاطِلٌ ۔ وَکُلُّ نَعِیْمٍ لَامَحَالَۃَ زَائِلٌ

وَاسْتَمَرَّتْ ھٰذِہٖ الْحَفْلَۃُ اِلٰی سَاعَۃٍ وَّنِصْفٍ وَکَانَتْ حَفْلَۃً مُّنَشِّطَۃً سَآرَّۃً لَاتُنْسٰی ثُمَّ اَقْبَلْنَا عَلَی الطَّعَامِ وَقَدْ غَلَبَنَا الْجُوْعُ فَتَغَدَّیْنَا بِشَھْوَۃٍ وَّرَغْبَۃٍ ، وَبَعْدَ الْفَرَاغِ قُلْنَا [1] فِی الْھَاجِرَۃِ لِسَاعَۃٍ تَحْتَ الْاَشْجَارِ الظَّلِیْلَۃِ ثُمَّ قُمْنَا لِصَلٰوۃِ الظُّھْرِ فَصَلَّیْنَاھَا جَمَاعَۃً ثُمَّ خَرَجْنَا مُتَفَرِّجِیْنَ مُتَنَزِّھِیْنَ مِنْ بَیْنِ الْمَزَارِعِ وَالْمَرَاعِیْ فَحَظِیْنَا بِرُؤْیَۃِ الْمَنَاظِرِ الْبَھِیْجَۃِ وَنَشْقِ الْھَوَاءِ الْمُنْعِشِ الصِّحِّیِّ ثُمَّ قَصَدْنَا الْعَوْدَ فَرَکِبْنَا الدَّرَّاجَاتِ وَعُدْنَا فَکِھِیْنَ مَسْرُوْرِیْنَ وَحَقًّا وَجَدْنَا وَلَمَسْنَا حَیَاۃً فِی الْجِسْمِ وَالْعَقْلِ لِمَا تَزَوَّدْنَا مِنَ الْھَوَآءِ الطَّلْقِ فِی الْاَجْوَاءِ الْفَسِیْحَۃِ وَاِنَّمَا النُّزْھَۃُ لَتُنَشِّطُ الرَّجُلَ وَتَجْعَلُ قُوَاہُ النَّآئِمَۃَ حَیَّۃً مُّتَحَفِّزَۃً وَالْمُؤْمِنُ الْقَوِیُّ خَیْرٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِیْفِ ۔[2]

سبق نمبر ۱۲

نصیحت آموز کہانیاں

’’پانی کی اتھاہ گہرائیوں میں‘‘ ۔ مثال (۶)

ایک راجا صبح کے وقت دریا کے کنارے اکیلے ٹہل رہا تھا اس کا پاؤں پھسلا اور وہ کثیر مقدار میں چلتے پانی میں گر گیا، تیراکی سے بھی نا آشنا تھا کہ پرورش اور نشو ونما مشقت و جفاکشی کے بجائے خوش حالی اور آسودگی میں پائی تھی اس لئے ڈوبنے لگا اگر اس ملک اور اس کی رعایا کے لوگوں میں سے ایک اچھوت نے اس کو نہ دیکھ لیا ہوتا جسے اس کی نیک خوئی نے مجبور کیا کہ راجہ کو بچانے کی کوشش کرے تو قریب تھا کہ راجا کو اچھوا جاتا اور وہ مرجاتا

---

[1] دوپہر میں سوئے۔ [2] احمد۔ مسلم۔ ابن ماجہ۔

اچھوت نے اپنے آپ کو دریا میں ڈال دیا اور وہ تیرا کی خوب جانتا تھا، اس نے راجا کو موت وحیات کی کشمکش میں دیکھا اور اسے دریا کے کنارے لے آیا، سر سے لے کر پاؤں تک اس کو اوندھا کیا وہ موت کے اچانک خطرے اور پانی نگل جانے کے زیادہ اثر انداز ہونے کے سبب ہوش وحواس کھو بیٹھا تھا، جب ہوش میں آیا اور اس کا کچھ شعور لوٹ آیا، نیز اس کی کھوئی ہوئی عقل پھر سے بحال ہوئی تو اس نے اپنے بچانے والے کے متعلق پوچھا (کہ وہ کون تھا؟) تو لوگوں نے اچھوت کی اطلاع دی، راجا نے اسے پیش کرنے کا حکم دیا، جب وہ پیش ہوا تو اس سے کہا کیا تو ہی ہے جو مجھے کنارے کی طرف اٹھا لایا؟ وہ بولا جی ہاں میرے آقا! اور یہ کام میں کیوں نہ کرتا (کہ آپ کی جان کا مسئلہ تھا) راجا نے کہا کیا تو نے ہی اپنے ناپاک اور ذلیل ہاتھوں سے میرے جسم کو چھوا؟ وہ بولا میرے آقا! میں اگرچہ عالی نسب اور عزت وشرافت رکھنے والی نسل سے نہیں ہوں لیکن مجھے کیا کرنا چاہیے تھا جبکہ میں اپنے آقا کو دیکھ رہا تھا کہ اسے کوئی بچانے والا نہیں؟ میں اگر چند منٹ کی بھی تاخیر کر دیتا تو اپنے عالی جاہ بادشاہ کو کھو چکا ہوتا اور جناب بھی اپنی سلطنت عالیہ سے محروم ہو چکے ہوتے (مگر راجا غرایا) او کتے! تو نے میرے جسم کو آلودہ کر دیا، پھر خسیس اور ناپاک انسان! ان باتوں کے ذریعے میرے سامنے جسارت بھی کر رہا ہے اچھا اپنے صاف ستھرے جسم کو آلودہ کرنے کی پاداش میں سزاء موت دے کر میں ابھی تیری بدزبانی اور دست درازی کا تجھے بدلہ دیتا ہوں، پھر جلاد کو حکم دیا اور اس نے بچانے والے آدمی کا سر قلم کر دیا۔ ملک کے طول وعرض میں یہ خبر پھیل گئی، اور لوگوں کے لئے عبرت کا سامان بن گیا، تھوڑے سے عرصہ کے بعد راجا ایک چھوٹی سی کشتی پر سوار ہو کر سمندر کی سیر کے لئے نکلا (اسی دوران) اسے دوسری جانب والی کشتی پر منتقل ہونے کی ضرورت پیش آئی اور اس کے پاؤں لگنے سے دونوں کشتیوں کے درمیان کا فاصلہ بڑھ گیا، نتیجہ یہ کہ راجا پانی میں گر گیا، اب اس نے چلانا اور فریاد کرنا شروع کر دیا اس کا ہاتھ بھی کسی کشتی تک نہ پہنچ سکا لیکن اس کے عملہ نے اس کی فریادرسی نہ کی اس لئے کہ انہوں نے اس کے جسم کو آلودہ کرنے کی جسارت نہ کی کہ وہ کہیں ان سے قصاص نہ

لہذا وہ اپنے غرور کا پورا پورا بدلہ پاتے ہوئے ڈوب کر مر گیا۔

مذکورہ حکایت کی تقسیم

موضوع: ایک مغرور راجا کے دو حادثوں کی کہانی جو اس درجہ غرور کو پہنچ چکا تھا کہ خود کو ڈوبنے سے بچانے والے آدمی کو موت کے گھاٹ اتار دیا پھر نتیجہ یہ برآمد ہوا کہ دوسری بار ڈوب کر ہلاک ہوگیا مگر کسی نے اسے بچانے کی جرأت نہ کی، اس لئے کہ ناشکرے اور متکبر راجا پر احسان کرنے کے بدلے سوء انجام اور برے نتیجہ کا خوف ہر ایک کو دامن گیر تھا۔

